Complimentary Copy—Not For Sale

TEACHING GUIDE

Cassandra Fernandez

Pre-Nursery

# We Learn English



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents


Page

Introduction iv

Unit 1 Tracing and colouring ........ 2

Unit 2 a, b, c ........ 8

Unit 3 d, e, f ........ 16

Unit 4 g, h, i ........ 22

Unit 5 j, k, l ........ 30

Unit 6 m, n, o ........ 38

Unit 7 p, q, r ........ 48

Unit 8 s, t, u ........ 56

Unit 9 v, w, xr ........ 64

Unit 10 y, z ........ 74

Unit 11 Do you know? ........ 80

Appendix ........ 88

# Introduction

Teaching Guides have been designed to support teachers using *We Learn English* Workbooks Pre-Nursery, Nursery, and Kindergarten, and Textbooks 1–8. The primary objective of these guides is to assist teachers in planning their lessons in a way which allows them to achieve their learning objectives in a fun and interactive classroom environment. Each guide contains individual teaching plans, offering a variety of approaches to learning and teaching.

**The Teaching Guides offer:**

- Objectives and Learning Outcomes

  These help both teachers and students to focus on imparting and acquiring the concepts and skills being taught.

- Teaching methodology

  Lesson plans are explained in an easy manner. They aim at providing students with ample opportunities to interact with the language meaningfully in order to achieve the learning outcomes. Teacher demonstrations, along with shared reading and learning, are a prominent feature. A variety of whole class, group, pair, and individual tasks which involve reading, writing, speaking, and listening actively are also set.

- Extended activities

  Picture flash cards, vocabulary cards, songs, puzzles, and question and answer sessions cater to a variety of learning styles. Children practise skills and concepts in ways which make learning fun and interactive.

A wide range of abilities, interests, and motivations exist in the average classroom. It is not realistic or practical, therefore, to stick rigidly to any lesson plan or activity outlined within. Thus, all the suggestions in this guide, allow flexibility and may be adapted depending on the individual classroom situation.

## تعارف

وی لرن انگلش ورک بکس پری نرسری، نرسری، کنڈرگارٹن، اور نصابی کتب اوّل تا ہشتم کی تدریس کرنے والے اساتذہ کی معاونت کے لیے رہنمائے اساتذہ ترتیب دی گئی ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد اسباق کی منصوبہ بندی میں اساتذہ کی معاونت کرنا ہے۔ تاکہ وہ آموزش کے مقاصد کمرۂ جماعت کے متعامل اور تفریحی ماحول میں حاصل کرسکیں۔ ہر رہنمائے اساتذہ انفرادی تدریس کے دورانیوں پر مشتمل ہے اور تدریس و آموزش کے متنوع طریقے پیش کرتی ہے۔

### رہنمائے اساتذہ میں شامل ہیں

- مقاصد اور آموزش کے نتائج

پڑھائے جانے والے تصوّرات اور مہارتوں کی تدریس اور تحصیل پر توجہ مرکوز کرنے میں یہ اساتذہ اور طلبا دونوں کے لیے معاون ہوتے ہیں۔

- تدریسی طریقۂ کار

سبق کی منصوبہ بندی کو سہل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد طلبا کو زبان سے بامعنی شناسائی کے ان گنت مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ آموزش کے نتائج حاصل ہوں۔ مشترکہ پڑھائی اور آموزشی عمل کے ساتھ اساتذہ کی جانب سے عملی مظاہرے رہنمائے اساتذہ کی نمایاں خوبیاں ہیں۔ جماعت، گروپ، جوڑی اور انفرادی سطح پر کرنے کے لیے متنوع کام بھی رکھے گئے ہیں جن میں پڑھائی، لکھائی، بولنا، اور سننا شامل ہیں۔

- اضافی سرگرمیاں

تصویری فلیش کارڈز، لفظی کارڈ، کہانیاں، نغمے، رول پلے، پہیلیاں، اور وقفہ برائے سوال و جواب آموزش کے مختلف النّوع طریقوں کی ضرورت پورا کرتے ہیں۔ بچّے مہارتوں اور تصورات کی مشق اس طرح سے کرتے ہیں کہ آموزش کا عمل دل چسپ اور متعامل ہوجاتا ہے۔

ایک اوسط درجے کے کمرۂ جماعت میں مختلف قابلیتیں، دل چسپیاں، اور محرکات موجود ہوتے ہیں، چناں چہ کسی سبق کی منصوبہ بندی یا اس میں مذکور سرگرمی پر سختی سے ڈٹ جانا حقیقی یا عملی نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس رہنمائے اساتذہ میں شامل تمام تجاویز لچک دار ہیں اور ان میں کمرۂ جماعت کی صورت حال کو مدّنظر رکھتے ہوئے ترمیم کی جاسکتی ہے۔

# Unit 1

## Tracing and colouring

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Practice fine and gross motor skills
- Colour pictures

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, the children will be able to:

- draw and colour simple pictures.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Welcome song (Appendix A)
- Alphabet chart (Appendix B)
- The Alphabet Song (Appendix C)
- Flash cards a-z (Appendix D)
- Play dough
- Colour pencils and crayons

**METHOD**

**Preparation**

- Prior to the lesson, display the alphabet chart on the soft board (Appendix B).
- Prepare name cards 3 x 3 inches, and write the name of a child on each card.

**Listening and speaking – Introduction**

- Begin the lesson by singing the Welcome Song (Appendix A) to welcome the children. Greet each child by calling out their name and handing them their name card. You can help the children to place their name card under the letter on the Alphabet chart (Appendix B) with which their name begins. For example, Ayesha begins with A so her name card will be placed under the letter A, Bushra under the letter B, and so on. Continue until all the children have placed their name cards under the correct letter.
- Next, display The Alphabet Song (Appendix C) on the soft board. Give each child a letter of the alphabet a-z (Appendix D).
- While the alphabet song is being sung, ask the children with the respective letter to come in and line up at the front, as the letters are introduced. Ask them to hold up each letter, so that the children can recognize which letter is being called out. This will help as a reminder. Repeat the song if you like.

# باب 1

## سبق 1 نقطے ملانا اور رنگ بھرنا

### مقاصد

- مختصر اور طویل عضلاتی حرکات پر منحصر مہارتوں کی مشق کرنا
- تصاویر میں رنگ بھرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہونا چاہیے کہ:

- سادہ اشکال بنا کر رنگ بھر سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ A)
- حروف تہجی کا چارٹ (ضمیمہ B)
- حروف تہجی کا گیت (ضمیمہ C)
- فلیش کارڈز a تا z (ضمیمہ D)
- پلے ڈو
- رنگین پنسلیں اور مومی رنگ

### طریقۂ کار

#### تیاری

- سبق کے آغاز سے قبل سوفٹ بورڈ پر حروف تہجی کا چارٹ نمایاں کیجیے (ضمیمہ B)۔
- 3x3 انچ کے کارڈز بنائیے اور ہر کارڈ پر ایک بچّے کا نام لکھ دیجیے۔

#### سننا اور بولنا۔ تعارف

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ A) گا کر طلبا کو خوش آمدید کہتے ہوئے سبق شروع کیجیے۔ ہر طالب علم کا نام پکاریے اور انھیں ان کے ناموں والے کارڈ تھما کر خوش آمدید کہیے۔ حروف تہجی کے چارٹ (ضمیمہ B) پر ہر حرف کے نیچے جن سے طلبا کا نام شروع ہوتا ہو، اپنے نام والا کارڈ رکھنے میں آپ ان کی مدد کرسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر A سے Ayesha شروع ہوتا ہے تو اس کے نام والا کارڈ حرف A کے نیچے رکھا جائے گا اور Bushra کا حرف B کے نیچے وغیرہ وغیرہ۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رکھیے جب تک تمام بچّے اپنے اپنے کارڈ درست حرف کے نیچے رکھ دیں۔
- اس کے بعد سوفٹ بورڈ پر حروف تہجی کا گیت (ضمیمہ C) لگا دیجیے۔ ہر بچّے کو حروف تہجی a تا z کا ایک حرف دیجیے (ضمیمہ D)
- حروف تہجی کا گیت پڑھا جارہا ہو تو جس حرف کا تذکرہ آئے اس حرف والے بچّے کو سامنے آکر قطار میں کھڑے ہونے کی ہدایت کرتے جائیے۔ ان سے کہیے کہ حرف کو ہاتھوں میں پکڑ کر سر سے اوپر اٹھائیں تاکہ بچّے سمجھ سکیں کون سا حرف پکارا جارہا ہے۔ اس سے انھیں حروف ذہن نشین کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ چاہیں تو گیت کو دہرا سکتے ہیں۔

**Pre-writing exercises (Page 1)**

- In groups of 4 or 5, provide children with play dough. Ensure that there is sufficient for each child in the group.
- Encourage children to play with the play dough using their hands. Help them to roll the play dough and try to make balls, flowers, and any other shapes. Ask children to talk about what they have made and if they enjoyed doing the activity.
- Later, pour sand on a tray and let the children draw simple designs using a stick. Repeat a few times.
- Next, encourage the students to try to copy the same designs on paper, using a pencil or crayons.
- As an additional activity, discuss the pictures on this page. Point out that the children are making things with pay dough.

**Suggestions –** As the students are writing for the first time, provide them ample of opportunities to practise tracing in the sand tray before asking them to draw the design in their books.

**Classroom activity – Colouring (Page 2)**

- Show the picture of the park to the children. Ask the following questions:
  a. Have you been to a park?
  b. What did you do there?
  c. What things can you see in a park?
- Ask the children to look at page 2 and name all the things they can see in this picture.
- Later, children can colour the picture on this page and then say which colours they have used.

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Trace different types of lines

### LEARNING OUTCOMES

By the end of this lesson, students should be able to:

- trace and draw straight, vertical, horizontal, zigzag, and wavy lines.
- trace and draw curved lines.

### METHOD

**Classroom activity – Tracing (Pages 3, 4, 5, and 6)**

- Draw a dotted vertical line on the board and then put a dot at the top and an arrow at the bottom of the line, as shown on page 3.

## لکھنے سے پہلے کی مشقیں (صفحہ 1)

- چار چار یا پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنایئے اور ہر بچّے کو پلے ڈو(play dough) فراہم کیجیے۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ گروپ کے ہر بچّے کو مناسب مقدار ملے۔
- طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ ہاتھوں کی مدد سے پلے ڈو سے کھیلیں۔ پلے ڈو کو موڑ کر، بیل کر گیندیں، پھول یا کوئی بھی دوسری اشکال بنانے میں ان کی مدد کیجیے۔طلبا سے کہیے وہ بتائیں کہ انھوں نے کیا بنایا ہے نیز کیا انھیں اس سرگرمی میں مزہ آیا۔
- بعدازاں، ایک ٹرے میں ریت ڈالیے، اور طلبا سے کہیے کہ چھڑی کے ذریعے اس پر سادہ ڈیزائن بنائیں۔ چند بار دہرایئے۔
- اس کے بعد طلبا کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ یہی ڈیزائن پنسل یا موی رنگ سے کاغذ پر نقل کرنے کی کوشش کریں۔
- اضافی سرگرمی کے طور پر اس صفحے پر دی گئی تصاویر کو زیرِ بحث لایئے۔ اس بات کی جانب توجہ دلایئے کہ بچّے پلے ڈو سے چیزیں بنا رہے ہیں۔

تجاویز: طلبا پہلی بار لکھ رہے ہیں لہٰذا انھیں کتابوں میں ڈیزائن بنانے کی ہدایت کرنے سے قبل ریت بھری ٹرے میں ڈیزائن بنانے کی مشق کرنے کے مواقع دیجیے۔

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔رنگ بھرنا (صفحہ 2)

- طلبا کو پارک کی تصویر دکھایئے۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

الف۔کیا آپ کبھی پارک گئے ہیں؟

ب۔آپ نے وہاں کیا کیا تھا؟

ج۔ پارک میں آپ کو کون کون سی چیزیں نظر آتی ہیں؟

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 2 دیکھیں اور اس تصویر میں نظر آنے والی تمام چیزوں کے نام بتائیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر دی گئی تصویر میں رنگ بھر سکتے ہیں اور پھر بتا سکتے ہیں کہ انھوں نے کون کون سے رنگ استعمال کیے ہیں۔

# سبق 2

## مقاصد

- مختلف اقسام کی نقطے دار لائنوں یا خطوط کے نقطے ملانا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- سیدھی، عمودی، افقی، ٹیڑھی میڑھی، اور لہردار لائنوں یا خطوط کے نقطے ملاسکیں اور یہ خطوط بناسکیں۔
- نقطہ دار خمدار لائنیں ٹریس کرسکیں اور بناسکیں۔

## طریقۂ کار

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ نقطے ملانا یا ٹریس کرنا (صفحہ 3، 4، 5 اور 6)

- بورڈ پر ایک نقطہ دار عمودی خط کھینچیں اور پھر اس کے اوپری سرے پر ایک نقطہ اور نچلے سرے پر تیر بنادیں جیسا کہ صفحہ 3 پر دکھایا گیا ہے۔

- Introduce the words 'up' and 'down' and 'top' and 'bottom'. For example: Ask them to look at the dot at the top, and the arrow at the bottom of the dotted line, emphasizing the words 'up' and 'down' and 'top' and 'bottom'. Explain that the dot indicates the starting point and the arrow is the finish point. Trace over the dotted line on the board. You can ask the students to trace the lines on the board.
- Repeat two or three times. Explain to children that they should start at the red dot and trace along the dotted pattern to complete the lines and finish at the arrow.
- Follow the same plan for pages 4, 5, and 6. For these pages introduce the words – zig zag (page 5), and half a circle, semi-circle (page 6).
- Ask children to follow you by tracing the lines in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the lines in the sand with a stick.
- Note: At first you should only introduce one stroke and then gradually move on to the next, with ample opportunity to practise tracing these lines.
- Later, ask them to complete the activity on pages 3, 4, 5 and 6.

- up اور down اور top اور bottom جیسے الفاظ متعارف کروائیے۔ مثال کے طور پر ان سے کہیے کہ نقطہ دار خط کے بالائی سرے (top) پر نقطے اور نچلے سرے (bottom) پر بنے ہوئے تیر کو دیکھیں، اس دوران up اور down اور top اور bottom کے الفاظ پر زور دیجیے۔ واضح کیجیے کہ نقطہ مقام آغاز اور تیر مقام اختتام کو ظاہر کرتا ہے۔ بورڈ پر نقط دار خط کو ٹریس کیجیے یعنی اس کے نقطے ملائیے۔ آپ طلبا کو بھی بورڈ پر خطوط کے نقطے ملانے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- دو یا تین بار دہرائیے۔ طلبا کو بتائیے کہ وہ سرخ نقطے سے شروع کرتے ہوئے خطوط کے نقطے ملاتے جائیں اور تیر کے نشان پر ختم کریں۔
- صفحہ 4 ، 5 اور 6 کے لیے بھی یہی عمل اختیار کیجیے۔ ان صفحات کے لیے ٹیڑھا میڑھا ( صفحہ 5)، نصف دائرہ اور نیم دائرہ ( صفحہ 6) کے الفاظ متعارف کروائیے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں خطوط بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ انھیں ٹرے میں ریت ڈال کر ہدایت کرسکتے ہیں کہ چھڑی سے اس میں خطوط بنائیں۔
- نوٹ: ابتدا میں آپ صرف ایک خط یا ایک حرکت متعارف کروائیے اور پھر بہ تدریج اگلی حرکت پر آجائیے، نیز طلبا کو خطوط بنانے کی مشق کرنے کے تسلی بخش مواقع فراہم کیجیے۔
- بعدازاں، انھیں صفحہ 3، 4، 5 اور 6 پر دی گئی سرگرمیاں مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔

# Unit 2 a, b, c

**LESSONS 1, 2, AND 3**

**OBJECTIVES**

- Introduce and trace letters a, b and c
- Develop fine and gross motor skills

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters a, b, and c.
- use vocabulary related to the letters a, b, and c.
- draw and colour pictures.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Alphabet chart (Appendix B)
- The Alphabet Song (Appendix C)
- Flash cards a-z (Appendix D)
- Pictures relating to page 8.

**METHOD**

**Listening and speaking – Introduction**

- Begin the class by displaying The Alphabet Song (Appendix C) and the Alphabet chart (Appendix B) on the soft board. Give each child a letter of the alphabet a-z (Appendix D).
- While the alphabet song is being sung, ask the children with the respective letters to come up to the front and line up, as the letters are introduced. Ask them to hold up each letter, so that the children can recognize which letter is being called out. This will help as a reminder. Repeat the song if you like.

**Listening and speaking – Introducing the letter 'a' (Page 7)**

Note: You do not want to rush with all the letters at this stage, as you need to just familiarize them and have them move from one letter to another with plenty of practice. Therefore, here you will introduce only the name and sound of letter 'a' first.

- Using the flash cards of the letter 'a' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'a'. Write the children's responses on the board or flip chart.

# باب 2

# a, b, c

سبق: 1، 2 اور 3

## مقاصد

- حروف b،a اور c متعارف کروانا اور ٹریس کرنا
- مختصر اور طویل عضلاتی حرکات پر مشتمل مہارتیں اُبھارنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف b،a اور c کی شناخت کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- حروف b،a اور c سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- اشکال بنا کر رنگ بھرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ B)
- حروفِ تہجی کا گیت (ضمیمہ C)
- a تا z کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)
- صفحہ 8 سے متعلق تصاویر

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا۔ تعارف

- سوفٹ بورڈ پر حروفِ تہجی کا گیت (ضمیمہ C) اور حروفِ تہجی کا چارٹ (ضمیمہ B) لگاتے ہوئے تدریس کا آغاز کیجیے۔ ہر بچّے کو حروفِ تہجی a تا z کا ایک حرف دیجیے (ضمیمہ D)
- حروفِ تہجی کا گیت پڑھا جارہا ہو اور حروف متعارف کروائے جارہے ہوں تو متعلقہ حروف والے طلبا کو سامنے آکر قطار میں کھڑے ہونے کی ہدایت کرتے جایئے۔ ان سے کہیے کہ حرف کو ہاتھوں میں پکڑ کر بلند کرلیں تاکہ بچّے سمجھ سکیں کہ کون سے حرف پکارا جارہا ہے۔ اس سے انھیں حروف ذہن نشین کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ چاہیں تو گیت کو دہرا سکتے ہیں۔

### سُننا اور بولنا۔ حرف a متعارف کروانا (صفحہ 7)

نوٹ: اس مرحلے پر عجلت سے کام لیتے ہوئے حروف متعارف مت کروایئے، کیوں کہ آپ کو صرف طلبا کو حروف سے آشنا کروانا ہے اور ایک حرف کی اطمینان بخش مشق کے بعد ہی انھیں اگلے حرف پر لے کر آنا ہے۔ لہٰذا اس مرحلے پر انھیں صرف a حرف کے نام اور آواز سے متعارف کروائیں گے۔

- حرف a کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ وہ اس حرف سے شروع ہونے والی چند چیزوں کے نام بتائیں۔ طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔

- Invite children whose names begin with the letter A to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.

**Listening, speaking, and reading – Words beginning with the letter 'a' (Page 8)**

- Prepare flashcards of the pictures on page 8 or collect pictures from old magazines.
- Divide children into groups of four or five. Provide each group with an envelope. Prior to the class, place few pictures inside each envelope.
- Ask children to identify the pictures and say if they begin with the letter 'a'.
- Next, ask them to refer to the activity on page 8 and circle the things that begin with the letter 'a'.
- You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class.

**Writing (Page 9)**

- Inform children that they will now practise writing the letter 'a'.
- First, write the letter 'a' on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 7.
- Ask children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on page 9.

**Listening and speaking – Introducing the letter 'b' (Page 10)**

Note: You do not want to rush with all the letters at this stage, as you need to just familiarize them and have them move from one letter to another with plenty of practice. Therefore, here you will introduce only the name and sound of each letter first.

- Using the flash cards of the letter 'b' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'b'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter B to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.

**Listening, speaking, and reading – Words beginning with the letter 'b' (Page 11)**

- Ask the children to look at page 11 and name the pictures. Help them to pronounce the words correctly, emphasizing the starting sound 'b'.
- Next, the children can complete the activity on page 11.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class, and name the colours they have used.

- جن طلبا کے نام حرف A سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بُلالیجیے۔ اب انھیں بتائیے کہ رکھے گئے سارے نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

سُننا، بولنا اور پڑھنا۔ حرف a سے شروع ہونے والے الفاظ (صفحہ 8)

- صفحہ 8 پر دی گئی تصاویر کے فلیش کارڈز تیار کرلیجیے یا پھر پرانے رسائل میں سے تصویریں حاصل کرلیجیے۔
- چار چار یا پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنائیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دیجیے۔ جماعت شروع ہونے سے قبل ہر لفافے میں کچھ تصویریں رکھ دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ تصویریں پہچانیں اور بتائیں کہ کیا ان کے نام حرف a سے شروع ہوتے ہیں۔
- اب ان سے کہیے کہ صفحہ 8 پر مذکور سرگرمی پر آجائیں اور حرف a سے شروع ہونے والی چیزوں کے گرد دائرہ بنائیں۔
- اس کے بعد آپ طلبا کے سامنے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر انھیں گروپ کی صورت میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔
- سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام پوری جماعت کو دکھائیں۔

لکھنا (صفحہ 9)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف a لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف a درست حرکات کا مرحلہ وار استعمال ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 7 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے اپنی انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت بھر کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے صفحہ 9 پر دی گئی لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

سُننا اور بولنا۔ حرف b متعارف کرانا (صفحہ 10)

نوٹ: اس مرحلے پر عجلت سے کام لیتے ہوئے حروف متعارف مت کروائیے، کیوں کہ آپ کو طلبا کو صرف حروف سے آشنا کروانا ہے اور ایک حرف کی اطمینان بخش مشق کے بعد ہی انھیں اگلے حرف پر لے کر آنا ہے۔ لہٰذا اس مرحلے پر آپ پہلے انھیں ہر حرف کے صرف نام اور آواز سے متعارف کروائیں گے۔

- حرف b کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ حرف b سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جواب بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف B سے شروع ہوتے ہیں ان سے کہیے کہ جماعت کے سامنے آجائیں۔ اب انھیں بتائیے کہ رکھے گئے یا دیے گئے سارے نام بڑے حرف سے اور باقی تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

سُننا، بولنا اور پڑھنا۔ حرف b سے شروع ہونے والے الفاظ (صفحہ 11)

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 11 کو دیکھیں اور اشیا کے نام بتائیں۔ b کی ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے صحیح تلفظ کے ساتھ الفاظ ادا کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- اس کے بعد بچّے صفحہ 11 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام پوری جماعت کے سامنے پیش کریں اور استعمال کردہ رنگوں کے نام بھی بتائیں۔

**Writing (Page 12)**

- Inform children that they will now practise writing the letter ‘b’.
- First, write the letter ‘b’ on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 10.
- Ask children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on this page.

**Listening and speaking – Introducing the letter ‘c’ (Page 13)**

Note: You do not want to rush with all the letters at this stage, as you need to just familiarize them and have them move from one letter to another with plenty of practice. Therefore, here you will introduce only the name and sound of each letter first.

- Using the flash cards of the letter ‘c’ (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter ‘c’. Write the children’s responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter C to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.

**Listening, speaking, and reading – A birthday party (Page 14)**

- Ask the children to look at page 14 and name the things they can see in the picture. Ask them to identify those beginning with c.
- The things beginning with ‘c’ are – curtain, car, cake, crown, candle, cushion.
- Ask them to colour the things beginning with c.

**Writing (Page 15)**

- Inform children that they will now practise writing the letter ‘c’.
- First, write the letter ‘c’ on the board showing the correct movements as shown on page 13.
- Ask the children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on this page.

**LESSON 4**

**OBJECTIVES**

- Teach the students to and recognize the letters a, b, and c
- Encourage enjoyment in reciting a poem

لکھنا( صفحہ 12 )

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ حرف b لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف b درست حرکات کا مرحلہ وار استعمال ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 10 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرایئے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت بھر کر دے سکتے ہیں اور انھیں ریت میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

سُننا اور بولنا۔ حرف c متعارف کرانا ( صفحہ 13 )

نوٹ: اس مرحلے پر عجلت سے کام لیتے ہوئے حروف متعارف مت کروایئے، کیوں کہ فی الوقت طلبا کو صرف حروف سے آشنا کروانا ہے اور ایک حرف کی اچھی خاصی مشق کے بعد ہی انھیں اگلے حرف پر لے کر آنا ہے۔ لہٰذا اس مرحلے پر آپ پہلے انھیں ہر حرف کے صرف نام اور آواز سے متعارف کروائیں گے۔

- حرف c کے فلیش کارڈز ( ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ حرف c سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جواب بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف C سے شروع ہوتے ہیں ان سے کہیے کہ جماعت کے سامنے آجائیں۔ اب انھیں بتایئے کہ رکھے گئے یا دیے گئے سارے نام بڑے حرف سے اور باقی تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

سُننا، بولنا اور پڑھنا۔ A birthday party ( سال گرہ کی تقریب ) ( صفحہ 14 )

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 14 دیکھیں اور تصویر میں نظر آنے والی اشیا کے نام بتایئے۔ ان سے کہیے کہ c سے شروع ہونے والی چیزوں کی شناخت کریں۔
- c سے شروع ہونے والی چیزیں یہ ہیں: candle، crown، cake، car، curtain اور cushion۔
- ان سے کہیے کہ c سے شروع ہونے والی اشیا میں رنگ بھریں۔

لکھائی ( صفحہ 15 )

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ حرف c لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف c درست حرکات ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 13 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا کو کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے اپنی انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرایئے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت بھر کر دے سکتے ہیں اور انھیں ریت میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

سبق 4

مقاصد

- طلبا کو حروف a،b اور c پڑھانا اور ان کی شناخت کرانا
- نظم سے لطف اندوز ہونے کی تحریک دینا

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- name things and identify beginning sounds/letters.
- recite poem with actions.
- use the terms black and white correctly.
- name common things in the classroom.

**METHOD**

**Listening and speaking – Poem, *Baa, baa black sheep* (Page 16)**

- Display the poem, *Baa, baa black sheep* from page 16. Recite the poem line by line with actions and ask the children to repeat after you.

**Classroom activity – Opposites, black and white (Page 16)**

- Show the picture on page 16 and explain that Roly and Poly are two girls. They are friends, and they will help the children to learn simple opposites. Explain that opposites are words whose meanings are completely different from each other and don't share similar qualities, e.g. black and white, up and down, fat and thin, rich and poor, etc.
- Ask children to point to things in the classroom that are black or white. List these on the board.
- Read the sentences and ask the students to repeat them after you.

**Reading – Let's practise (Page 17)**

- Show pictures of an apple, airplane, ball, bat, cat, and cap if available or show them these pictures in their books. Ask the children to name the pictures and identify the beginning sound/letter of each word. List their responses on the board and circle the beginning letters.
- Later, ask children to complete the activity on page 17.
- You can also ask the children to bring an object or a picture of an object beginning with 'a', 'b', or 'c'. Ask the students to name the object and describe it.

**Classroom activity – Things in the classroom (Page 18)**

- In a large group, ask the children to name a few things they can see in their classroom. List the responses on the board. Later, ask them to say the beginning letter of each thing.
- Help the children to read the words on page 18.

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- اشیا کے نام بیان کرسکیں اور ابتدائی آوازوں/حروف کی شناخت کرسکیں۔
- جسمانی اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- black اور white کی اصطلاحات کا درست استعمال کرسکیں۔
- کمرۂ جماعت میں موجود عام اشیا کے نام بیان کرسکیں۔

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا۔نظم Baa, baa black sheep (صفحہ 16)

- صفحہ 16 سے نظم baa black sheep,Baa نمایاں کیجیے۔نظم کو سطر بہ سطر جسمانی اشاروں کے ساتھ پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے جائیں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ متضاد الفاظ black اور white (صفحہ 16)

- صفحہ 16 سے تصویر دکھاتے ہوئے وضاحت کیجیے کہ رولی اور پولی دو لڑکیاں ہیں۔ یہ دوست ہیں اور طلبا کو سادہ متضاد الفاظ سیکھنے میں مدد دیں گی۔ بیان کیجیے کہ متضاد الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن کے معانی ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہوتے ہیں اور ان میں ایک جیسی خوبیاں یا خصوصیات نہیں پائی جاتیں، مثلاً (سیاہ اور سفید) black اور white ، up اور down (اوپر اور نیچے)، fat اور thin (موٹا اور پتلا)، rich اور poor (امیر اور غریب) وغیرہ۔
- طلبا سے کہیے کہ کمرۂ جماعت میں موجود سیاہ یا سفید اشیا کی نشان دہی کریں۔ ان اشیا کے نام بورڈ پر درج کیجیے۔
- جملے پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ انھیں آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔

### پڑھنا۔Let's practise (آؤ مشق کریں) (صفحہ 17)

- apple(سیب)، ہوائی جہاز(airplane)، گیند(ball) ، بلّا(bat)، بلی (cat) اور ٹوپی(cap) دکھایئے یا پھر یہ تصاویر انھیں ان کی کتابوں میں دکھایئے۔طلبا سے کہیے کہ تصویروں کے نام بیان کریں اور ہر لفظ کی ابتدائی آواز پہچانیں، جس سے وہ شروع ہوتا ہے، پہچانیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کیجیے اور ابتدائی حروف کے گرد دائرہ بنایئے۔
- بعدازاں طلبا کو صفحہ 17 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- آپ طلبا سے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ b،a یا c سے شروع ہونے والی کوئی چیز یا اس کی تصویر لے کر آئیں۔طلبا سے کہیے کہ اس چیز کا نام اور اس کے بارے میں تفصیل بیان کریں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔Things in the classroom (صفحہ 18)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑا گروپ بنا کر کمرۂ جماعت میں نظر آنے والی کچھ اشیا کے نام بتائیں۔ ان کے جواب بورڈ پر تحریر کیجیے۔ بعدازاں، ان سے کہیے کہ ہر چیز کے نام کا ابتدائی حرف پکاریں۔
- صفحہ 18 پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

# Unit 3 d, e, f

## LESSONS 1, 2, AND 3

Note: Read the plans outlined for Lessons 1, 2, and 3 in Unit 2. Follow the same pattern or adapt the plans according to the requirements and level of your class.

The plans given below are generic plans to introduce the letters with related vocabulary and to teach correct movements to trace and write the letters.

### OBJECTIVES

- Introduce and trace the letters d, e, and f
- Introduce vocabulary related to letters d, e, and f
- Develop fine motor skills (colouring)

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters d, e, and f.
- use vocabulary related to these letters.
- colour pictures.

### RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Flash card of the letters d, e, and f (Appendix D)

### METHOD

**Listening and speaking – Introducing the letters 'd, e, and f' (Pages 19, 22, and 25)**

Note: You do not want to rush with all the letters at this stage, as you need to just familiarize them and have them move from one letter to another with plenty of practice. Therefore, here you will introduce only the names and sounds of letters 'd, e, and f' respectively.

- Using the flash cards of the letters 'd, e, and f' (Appendix D), ask children to name a few things that begin with these letters 'd, e, and f'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- You can also give them a few objects and pictures of things beginning with the letters 'd, e, and f'. Make sure each child has at least one picture or object. Ask the children to name and identify these things. Children name the object/picture and say the beginning letter of the word. The other children can repeat after them.
- Now, trace the letters 'd, e, and f' step by step on the board as shown on pages 19, 22, and 25. Ask student to follow by tracing in the air with their fingers. Repeat three or four times.

# باب 3

# d, e, f

سبق 1، 2 اور 3

نوٹ: باب 2 میں سبق 1، 2 اور 3 کے لیے دیا گیا منصوبہ بندی کا خاکہ پڑھیے۔ اسی پر عمل کیجیے یا پھر اپنی جماعت کی سطح اور ضروریات کے مطابق منصوبہ بنا لیجیے۔ مندرجہ ذیل منصوبے، عمومی نوعیت کے منصوبے ہیں جن پر عمل کر کے متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کے ساتھ حروف متعارف کرائے جاسکتے اور حروف لکھنے یا ٹریس کرنے کی درست حرکات سکھائی جاسکتی ہیں۔

مقاصد

- حروف d، e اور f متعارف کروانا اور ٹریس کرنا
- حروف d، e اور f سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرانا
- مختصر عضلاتی حرکت پر مشتمل مہارتیں (رنگ بھرنا) پیدا کرنا

آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:
- حروف d، e اور f کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ان حروف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- تصویروں میں رنگ بھر سکیں۔

درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف d، e اور f کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)

طریقۂ کار

سُننا اور بولنا۔ حروف d، e اور f متعارف کرانا (صفحہ 19، 22 اور 25)

نوٹ: اس مرحلے پر عجلت سے کام لیتے ہوئے حروف متعارف مت کروائیے، کیوں کہ فی الوقت طلبا کو صرف حروف سے آشنا کروانا مقصود ہے اور ایک حرف کی اچھی خاصی مشق کے بعد ہی انھیں اگلے حرف پر لے کر آنا ہے۔ لہٰذا اس مرحلے پر آپ پہلے انھیں بالترتیب حروف d، e اور f کے صرف نام اور آواز سے متعارف کروائیں گے۔

- حرف d، e اور f کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ ان حروف d، e اور f سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جواب بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- آپ طلبا کو حرف d، e اور f سے شروع ہونے والی کچھ چیزیں یا ان کی تصاویر بھی مہیا کرسکتے ہیں۔ یہ یقینی بنائیے کہ ہر بچّے کو کم از کم ایک تصویر یا چیز مل جائے۔ طلبا سے کہیے ان اشیا کی شناخت کریں اور ان کے نام بتائیں۔ بچّے چیز/ تصویر کا نام لیں گے اور لفظ کا ابتدائی حرف پکاریں گے۔ دوسرے بچّے ان کے ساتھ ساتھ دہرائیں گے۔
- اب بورڈ پر مرحلہ وار حروف d، e اور f ٹریس کیجیے جیسا کہ صفحہ 19، 22 اور 25 پر دکھایا گیا ہے۔ طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حروف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔

- Later, help the children to read the words on these pages, emphasizing on the beginning sound.

**Classroom activity – Colouring (Pages 20, 23, and 26)**

- Talk about the pictures on pages 20, 23, and 26. You can ask the following questions:
  a. What do you see on this page? Name it.
  b. What is the beginning sound/letter of this word?
  c. Have you see a duck/an elephant/a fish?
  d. Where did you see it? What did it look like?

**Writing (Pages 21, 24, and 27)**

- Inform children that they will now practise writing the letters 'd, e, and f'.
- Write the letters 'd, e, and then f' on the board by drawing each stroke step by step as shown on pages 19, 22, and 25.
- Ask the children to follow you by tracing the letters in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letters in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on these pages.

**LESSONS 4 AND 5**

**OBJECTIVES**

- Teach children to recite poems
- Teach the opposites full and empty
- Teach the students to read and write the letters d, e, and f.
- Introduce vocabulary related to letters d, e, and f

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recite a poem with actions.
- use the terms full and empty correctly.
- name things and identify beginning sounds/letters d, e, and f.
- name common things in their homes.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Pictures of fish
- Toys or pictures of an airplane, ball, candle, drum, egg, and fish

- بعدازاں ان صفحات پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے، اس دوران الفاظ کی ابتدائی آواز پر زور دیجیے۔

کمرۂ جماعت کی سرگرمی ۔ رنگ بھرنا ( صفحہ 20، 23 اور 26)

- صفحہ 20، 23 اور 26 پر دی گئی تصاویر پر گفتگو کیجیے۔ آپ مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:
  الف۔ اس صفحے پر آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ نام بتائیں۔
  ب۔ اس لفظ کا ابتدائی حرف/ آواز کیا ہے؟
  ج۔ کیا آپ کو ایک duck ( بطخ ) / elephant ( ہاتھی ) / fish ( مچھلی ) نظر آرہی ہے؟
  د۔ آپ نے اسے کہاں دیکھا تھا؟ یہ دیکھنے میں کیسا لگ رہا تھا/ رہی تھی۔

لکھنا ( صفحہ 21، 24 اور 27)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حروف e،d اور f لکھنے کی مشق کریں گے۔
- بورڈ پر حروف e،d اور f ہر حرکت یا خط ( اسٹروک ) مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 19، 22 اور 25 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں یہ حروف لکھیں۔ تین یا چار بار دہرائیے۔ آپ انھیں ٹرے میں کچھ مقدار میں ریت بھر کر دے سکتے ہیں کہ وہ حروف اس میں بنائیں۔
- بعدازاں، بچّے ان صفحات پر دی گئی لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

سبق 4 اور 5

مقاصد

- طلبا کو نظمیں پڑھنا سکھانا
- متضاد الفاظ full اور empty سکھانا
- طلبا کو حروف e،d اور f پڑھنا اور لکھنا سکھانا
- حروف e،d اور f سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرانا

آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- full اور empty کی اصطلاحات درستگی کے ساتھ استعمال کرسکیں۔
- اشیا کے نام بیان کرسکیں اور ابتدائی آوازیں/ حروف e، d اور f کی شناخت کرسکیں۔
- اپنے گھروں میں موجود عام اشیا کے نام بیان کرسکیں۔

درکار وسائل ( امدادی تدریسی اشیا )

- مچھلی کی تصاویر
- کھلونے یا ہوائی جہاز، گیند، موم بتی، ڈھول، انڈا اور مچھلی کی تصاویر

**METHOD**

**Listening and speaking – Poem, *I love the fish* (Page 28)**

- Display the poem, *I love the fish* given on page 28. You can ask these questions:
  a. Where do fishes live?
  b. What can fishes do?
  c. Do you like to eat fish?
- In a large group, teach the children to recite the poem with actions. Repeat.
- Ask children to draw and colour a fish of their choice. Display their work in the classroom.

**Classroom activity – Opposites, full and empty (Page 28)**

- Remind the children what they had learned on page 16. Repeat that Roly and Poly are two girls. They are friends, and they will help the children to learn simple opposites. Explain again, that opposites are words that have completely different meanings from each other, e.g. black and white, up and down, fat and thin, rich and poor, full and empty, etc.
- Tell them that they would learn the words full and empty. You can demonstrate with examples by showing a full and empty box/glass/cup, etc. Ask children to draw two things and show one as full and one as empty.

**Reading – Match (Page 29)**

- Show pictures (or toys) of an airplane, ball, candle, drum, egg, and fish as shown on page 29. Ask children to name them and then identify the beginning sound/ letter of each. Write the words on the board and circle the beginning letters.
- Later, ask children to complete the activity on page 29.
- **Classroom activity -** Children can be asked to bring pictures of things beginning with d, e, and f and talk about them.

**Things in my room (Page 30)**

- In a large group, ask the children to name a few things they have in their room. List all the answers on the board.
- Now, show them the picture of the room on page 30 and help them to read the words.
- Later, ask the children to draw two things that they have in their rooms. Students can talk about their work and share it with the whole class.

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا۔ نظم I love the fish ( صفحہ 28)

- صفحہ 28 پر دی گئی نظم I love the fish نمایاں کیجیے۔ آپ مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:
  الف۔ مچھلیاں کہاں رہتی ہیں؟
  ب۔ مچھلیاں کیا کرسکتی ہیں؟
  ج۔ کیا آپ کو مچھلی کھانا اچھا لگتا ہے؟
- ایک بڑے گروپ کی صورت میں، طلبا کو اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا سکھائیے۔ یہ عمل دہرائیے۔
- طلبا سے کہیے کہ اپنی پسند کی مچھلی بنا کر رنگ بھریں۔ ان کا کام کمرۂ جماعت میں نمائش دکھائیے۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ متضاد الفاظ full اور empty ( صفحہ 28 )

- صفحہ 16 پر طلبا نے جو کچھ پڑھا تھا وہ یاد دلائیے۔ اعادہ کیجیے کہ رولی اور پولی دولڑکیاں ہیں۔ وہ سہیلیاں ہیں، اور طلبا کو آسان متضاد الفاظ سیکھنے میں مدد دیں گی۔ دوبارہ بیان کیجیے کہ متضاد الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن کے معانی ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہوتے ہیں اور ان میں ایک جیسی خوبیاں یا خصوصیات نہیں پائی جاتیں، مثلاً black and white (سیاہ اور سفید)، up and down (اوپر اور نیچے)، fat and thin (موٹا اور پتلا)، rich and poor (امیر اور غریب)، full and empty (خالی اور بھرا ہوا) وغیرہ۔
- انھیں بتائیے کہ وہ الفاظ full اور empty سیکھیں گے۔ آپ بہ طور مثال خالی اور بھرا ہوا ڈبّا/ گلاس/ کپ وغیرہ دکھا سکتے ہیں۔ طلبا سے کہیے کہ دو چیزوں کی اشکال بنائیں، ایک کو بھرا ہوا اور دوسری کو خالی دکھائیں۔

### پڑھائی۔ Match ( صفحہ 29)

- airplane ( ہوائی جہاز)، ball ( گیند)، candle (موم بتی)، drum (ڈھول)، egg (انڈا)، اور fish (مچھلی) کی تصاویر ( یا کھلونے) دکھائیے جیسا کہ صفحہ 29 پر ظاہر کیا گیا ہے۔ طلبا سے کہیے کہ ان کے نام لیں اور ہر ایک کی ابتدائی آواز/ حرف بھی بتائیں۔ الفاظ بورڈ پر لکھ دیجیے اور ابتدائی حروف کے گرد دائرہ بنائیے۔
- بعدازاں طلبا سے کہیے کہ صفحہ 29 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔
- کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ d، e اور f سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں لے کر آئیں اور ان پر گفتگو کریں۔

### میرے کمرے کی چیزیں ( صفحہ 30)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑا گروپ بنالیں اور اپنے اپنے کمرے میں موجود چیزوں کے نام بتائیں۔ تمام جوابات بورڈ پر تحریر کیجیے۔
- اب انھیں صفحہ 30 سے کمرے کی تصویر دکھائیے اور الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- بعدازاں، طلبا سے کہیے کہ اپنے کمرے میں موجود دو اشیا کا تصویری خاکہ بنائیں۔ طلبا اپنی بنائی گئی تصاویر پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ تصویریں پوری جماعت کو دکھاسکتے ہیں۔

# Unit 4 g, h, i

**LESSONS 1, 2, AND 3**

**OBJECTIVES**

- Introduce and trace letters g, h, and i

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters g, h, and i.
- use vocabulary related to these letters.
- colour pictures.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash cards of letters g, h, and i (Appendix D)

**METHOD**

**Listening and Speaking - Introducing the letter 'g' (Page 31)**

- Using the flash card of the letter 'g' (Appendix D), ask children whose names begin with this letter to stand up. Write their names on the board and circle the beginning letter.
- Write the letter 'g' on the board showing the correct formation step by step on the board as shown on page 31. Help the children to read the words on this page.
- Tell the children that letter G is a special letter because it can make two sounds: soft g and the hard g sound and ask them to repeat the sounds after you.
- Now, ask children to name things/words that use the hard sound and the soft sound of the letter 'g'. For example, gate, guava, girl, germs, giant, giraffe etc. Write children's responses on the board or flip chart.

**Classroom Activity (Page 32)**

- Ask the children to look at the picture on page 32.
- You can ask the following questions:
    - a. What can you see in this picture?
    - b. What are the boys doing?
    - c. What is the girl doing?
    - d. Which insect can you see?

# g, h, i

# باب 4

سبق: 1، 2 اور 3

## مقاصد

- حروف g، h اور i متعارف کرانا اور ٹریس کرنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف g، h اور i کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ان حروف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- تصاویر میں رنگ بھرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف g، h اور i کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)

## طریقۂ کار

- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- new اور old کی اصطلاحات درستگی کے ساتھ استعمال کرسکیں۔
- چیزوں کے نام بیان کرتے ہوئے ابتدائی آوازوں/ حروف کی شناخت کرسکیں۔
- اطراف موجود چیزوں کی پہچان کرتے ہوئے ان کے نام بیان کرسکیں۔

### طریقۂ کار

سُننا اور بولنا۔ نظم Baby,Baby ( صفحہ 64 )

- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- آپ جماعت کو دو گروپوں میں بانٹ کر ہر گروپ کو باری باری ایک سطر پڑھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بچّے ایک بڑے گروپ کی صورت میں اشاروں کے ساتھ نظم پڑھیں۔ دہرائیں۔

کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ متضاد الفاظ new اور old ( صفحہ 64 )

- متضاد الفاظ new اور old کی وضاحت کیجیے۔ انھیں آس پاس موجود چیزوں کو دیکھنے کا کہے اور پوچھیے کہ کون سی چیز old (پرانی) اور کون سی new (نئی) ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ چند oldاور new چیزیں لے کر آئیں۔
- جملے پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ دہرائیں۔

**Reading – Let's practise (Pages 65)**

- Ask the children to look at page 65 and name the pictures. Talk to children about the each picture and its beginning sound/letter.
- Divide children into groups of four or five, and ask them to discuss the task on this page. Ask each group to name the pictures and find the beginning letter corresponding to it. You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity. Move around the class to facilitate and encourage children.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class.

**Classroom activity – Things in the sky (Page 66)**

- Take children out into the school compound and ask them to name the things they can see in the sky. Discuss all the things.
- On returning to the class discuss the things we see in the sky during the day and at night.
- Now, help them to read the words on page 66.
- Next, ask the children to draw and colour one thing they see in the sky during the day and one thing they can see at night. Randomly a few children are asked to share their work with the whole class.

## پڑھنا - آؤ مشق کریں (صفحہ 65)

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 65 پر توجہ دیں اور تصویروں کے نام بتائیں۔ طلبا کے ساتھ ہر تصویر اور اس کی ابتدائی آواز/حرف پر بات چیت کیجیے۔
- طلبا کو چار چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں تقسیم کیجیے، اور ان سے کہیے کہ اس صفحے پر دیے گئے کام پر اظہار خیال کریں۔ ہر گروپ سے کہیے کہ تصویروں کے نام بیان کرے اور متعلقہ ابتدائی حرف تلاش کرے۔ آپ پہلے جماعت کے سامنے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کر سکتے ہیں اور پھر انھیں گروپ کی شکل میں کام مکمل کرنے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔ اس دوران اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ طلبا کی معاونت اور حوصلہ افزائی کے لیے کمرے میں چکر لگاتے رہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام پوری جماعت کو دکھائیں۔

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی - آسمان میں نظر آنے والی چیزیں (صفحہ 66)

- طلبا کو اسکول کے احاطے میں لے جائیے اور کہیے آسمان میں انھیں جو چیزیں نظر آرہی ہیں، ان کے نام بتائیں۔ ان چیزوں پر بحث کیجیے۔
- جماعت میں واپسی پر ان چیزوں کو زیر بحث لائیے جو ہمیں دن اور رات میں آسمان پر نظر آتی ہیں۔
- اب صفحہ 66 سے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- بعدازاں طلبا سے کہیے آسمان پر دن اور رات میں دکھائی دینے والی ایک ایک چیز کا تصویری خاکہ بنائیں اور رنگ بھریں۔ کچھ طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ اپنا کام باقی تمام طلبا کو دکھائیں۔

# Unit 7 p, q, r

**LESSONS 1, 2, AND 3**

**OBJECTIVES**

- Introduce and trace the letters p, q, and r
- Introduce vocabulary related to letters p, q, and r

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters p, q, and r.
- use vocabulary related to these letters.
- colour pictures.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash card letters p, q, r (Appendix D)
- Flag of Pakistan
- Pictures of quilts
- Coloured paper or pieces of cloth (optional activity)

**METHOD**

**Listening and speaking – Introducing the letter 'p' (Page 67)**

- Using the flash card of the letter 'p' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'p'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter P to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.
- Read the words emphasizing on the beginning sound and ask the children to repeat after you.
- Then, ask children to think of other words that begin with the letter 'p'. List these on the board. Ask children to draw and colour one thing beginning with the letter 'p'.

**Classroom activity (Page 68)**

- Talk about the picture on page 68 and ask the following questions:
  a. What do you see in the picture?
  b. What is the policeman doing? Why?
- Ask the students to colour the pictures beginning with 'p' and then share their work with the class.

# باب 7

# p, q, r

سبق 1، 2 اور 3

## مقاصد

- حروف p، q اور r متعارف کرانا اور ٹریس کرنا
- حروف p، q اور r سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرانا

## آموزش کے مقاصد

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف p، q اور r کی شناخت کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ان حروف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- تصویروں میں رنگ بھر سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف p، q اور r کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)
- پاکستان کا پرچم
- لحاف یا رضائی وغیرہ کی تصاویر
- رنگین کاغذ یا کپڑے کے ٹکڑے (اختیاری سرگرمی)

## طریقۂ کار

### سُننا اور بولنا۔حرف p متعارف کرانا (صفحہ 67)

- حرف p کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ کچھ چیزوں کے نام لیں جو اس حرف سے شروع ہوتے ہوں۔ طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف P سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتایئے کہ تمام رکھے گئے نام بڑے حرف سے اور باقی چیزوں کے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے الفاظ پڑھیے اور طلبا کو ہدایت کیجیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- پھر طلبا سے کہیے کہ حرف p سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کریں۔ بورڈ پر ان الفاظ کی فہرست بنایئے۔ اب طلبا سے کہیے کہ حرف p سے شروع ہونے والی ایک چیز کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی (صفحہ 68)

- صفحہ 68 پر دی گئی تصویر کو زیرِ بحث لایئے اور مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ پولیس اہلکار کیا کر رہا ہے؟ اور کیوں؟
- طلبا سے کہیے کہ p سے شروع ہونے والی تصاویر میں رنگ بھریں اور پھر یہ تصاویر جماعت کو دکھائیں۔

**Writing (Page 69)**

- Inform children that they will now practise writing the letter 'p'.
- First, write the letter 'p' on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 67.
- Ask children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing activity.
- Shown them a flag of Pakistan, and discuss the shape, colour, etc. by asking these questions:

  a. What is this?

  b. Which country's flag is this?

- Ask them to colour the flag.

**Listening and speaking – Introducing the letter 'q' (Page 70)**

- Using the flash card of the letter 'q' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'q'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter Q to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.
- Help the children to read the words given on this page and discuss them.

**Classroom activity – Design your own quilt (Page 71)**

- Show some pictures of quilts and ask the children if they use quilts at home. Ask them to colour the picture and then draw their own quilt.
- As an optional activity you can provide children with small of pieces of coloured paper from old magazines or pieces of cloth and glue. They can paste these on a square piece of paper to design their own quilt. Display their work in the classroom.

**Writing (Page 72)**

- Inform children that they will now practise writing the letter 'q'.
- First, write the letter 'q' on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 70.
- Ask the children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Next, ask them to name and colour the pictures on this page.

لکھنا (صفحہ 69)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف p لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف p، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 67 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے لکھنے کی سرگرمی مکمل کریں گے۔
- طلبا کو پاکستان کا پرچم دکھائیے اور اس کی شکل وصورت رنگ وغیرہ کو مندرجہ ذیل سوالات پوچھتے ہوئے زیرِ بحث لائیے:

الف۔ یہ کیا ہے؟

ب۔ یہ کس ملک کا جھنڈا ہے؟

- طلبا سے کہیے کہ جھنڈے میں رنگ بھریں۔

سننا اور بولنا۔ حرف q متعارف کرانا (صفحہ 70)

- حرف q کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف Q سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتائیے کہ تمام رکھے گئے نام بڑے حرف سے اور باقی سارے نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے اور ان الفاظ کو زیرِ بحث لائیے۔

کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ اپنا لحاف یا رضائی خود بنائیں (صفحہ 71)

- طلبا کو لحافوں کی تصاویر دکھائیے اور پوچھیے کیا وہ گھر پر ان کا استعمال کرتے ہیں۔ ان سے کہیے کہ تصویر میں رنگ بھریں اور پھر اپنے لحاف کی شکل بنائیں۔
- اختیاری سرگرمی کے لیے آپ طلبا کو پرانے جرائد کے رنگین صفحات کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے یا کپڑوں کے ٹکڑے اور گلو دے سکتے ہیں۔ بچّے ان ٹکڑوں کو ایک چوکور کاغذ پر چسپاں کرکے اپنا لحاف ڈیزائن کرسکتے ہیں۔ بعدازاں ان کے کام کی جماعت میں نمائش کی جائے۔

لکھنا (صفحہ 72)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف q لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف q، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 70 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔
- بعدازاں طلبا سے کہیے کہ اس صفحے پر دی گئی تصاویر کے نام اور رنگ بتائیں۔

**Listening and speaking – Introducing the letter ‘r’ (Page 73)**

- Using the flash card of the letter ‘r’ (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter ‘r’.
- Write the children’s responses on the board or flip chart. Help them to name the pictures on this page.
- Invite children whose names begin with the letter R to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.

**Classroom activity (Page 74)**

- Talk about the picture on page 74 and ask them to name the things they can see in the picture.
- Draw their attention to the fact that some objects are not coloured. Ask them to name and colour these pictures. To conclude the activity, ask students to share their work with the whole class.

**Writing (Page 75)**

- Inform children that they will now practise writing the letter ‘r’.
- First, write the letter ‘r’ on the board, showing the correct movements as shown on page 73.
- Ask the children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on this page.

**LESSONS 4 AND 5**

**OBJECTIVES**

- Teach a poem
- Teach opposites up and down

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recite poem with actions.
- use the terms up and down correctly.
- name things and identify beginning sounds/letters.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Empty cardboard tubes, card paper, paint, and glue
- Picture of any park

## سُننا اور بولنا۔حرف r متعارف کرانا (صفحہ 73)

- حرف r کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔
- طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔ اس صفحے پر دی گئی تصاویر کے نام بیان کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف R سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتایئے کہ رکھے گئے سب نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی (صفحہ 74)

- صفحہ 74 پر دی گئی تصویر کو زیرِ بحث لایئے اور طلبا سے کہیے کہ تصویر میں انھیں جو چیزیں نظر آرہی ہیں ان کے نام بتائیں۔
- ان کی توجہ اس حقیقت کی جانب دلایئے کہ کچھ چیزیں بے رنگ ہیں۔ ان سے کہیے کہ ان تصویروں کے نام بتائیں اور ان میں رنگ بھریں۔ سرگرمی کے اختتام پر طلبا سے کہیے کہ اپنا اپنا کام پوری جماعت کو دکھائیں۔

## لکھنا (صفحہ 75)

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ حرف r لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف r، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 73 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرایئے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر موجود لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔

## سبق 4 اور 5

### مقاصد

- نظم پڑھانا
- متضاد الفاظ up اور down پڑھانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- up اور down کی اصطلاحات درستگی کے ساتھ استعمال کرسکیں۔
- چیزوں کے نام بیان کرتے ہوئے ابتدائی آوازوں/ حروف کی شناخت کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- گتّے کی خالی نلکیاں، کارڈ پیپر، پینٹ، اور گلو
- کسی بھی باغ یا پارک کی تصویر

## METHOD

### Listening and speaking – Poem, *A rocket* (Page 76)

- Show them some pictures of an astronaut and a rocket. Talk to children about these and say that these travel in space.
- Next, recite the poem with actions and ask the children to repeat after you.
- As an additional activity you can help the children to make a rocket using cardboard tubes, card paper, paint, and glue.

### Classroom activity – Opposites, up and down (Page 76)

- Explain the opposites up and down. Ask them to name things that can go up or down, e.g. lift, escalator, kite, etc.
- Ask children to draw two things that go up and down. First ask them to talk to their peers about them and then randomly ask children to share their work in class.

### Listening, speaking, and reading – Circle the things beginning with the letters p, q, and r (Page 77)

- In large group, tell them they are going to play a game. Show pictures of the things on page 77. Ask the children to name the picture and say the beginning letter. Write their responses on the board.
- Now, ask them to name other words that begin with the letters p, q, and r.
- Divide children into groups of 4 or 5. Provide each group with an envelope containing small pictures and corresponding letters as given on this page. Each group will be asked to name each picture and find the beginning letter corresponding to it. You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity. Move around the class to facilitate and encourage children.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class.
- Later, children can complete the activity on page 77.

### Classroom activity – Things in the park (Page 78)

- Start the lesson by asking the following questions:
  a. Have you been to a park?
  b. With whom did you go?
  c. What did you like to do there?
  d. What did you see there?
- Display the picture of a park and talk about it. Ask them to name the things they can see in the picture.
- Now, help them to read the words on page 78.
- You can give them some sheets of paper and ask them to draw and colour a picture of a park.
- Display their work in the classroom.

### طریقۂ کار

**سُننا اور بولنا۔نظم A rocket ( صفحہ 76 )**

- طلبا کو ایک خلانورد اور راکٹ کی چند تصویریں دکھایئے۔ ان کے بارے میں طلبا کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے اور بتایئے کہ یہ خلا میں سفر کرتے ہیں۔
- اب نظم اشاروں کے ساتھ پڑھیے اور طلبا کو ہدایت کیجیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- اضافی سرگرمی کے طور پر آپ گتے کی نلکیوں، کارڈ پیپر، پینٹ اور گلو کی مدد سے راکٹ بنانے میں طلبا کی مدد کرسکتے ہیں۔

**کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ متضاد الفاظ up اور down ( صفحہ 76)**

- متضاد الفاظ up اور down کی وضاحت کیجیے۔طلبا سے کہیے کہ ان چیزوں کے نام بتائیں جو اوپر جاسکتی ہوں اور نیچے آسکتی ہوں، مثلاً لفٹ، متحرک زینہ، پتنگ وغیرہ۔
- طلبا سے کہیے کہ اوپر اور نیچے جانے آنے والی دو چیزوں کا تصویری خاکہ بنائیں۔ پہلے طلبا کو ہدایت کیجیے کہ وہ اپنے ساتھیوں سے ایسی چیزوں پر تبادلۂ خیال کریں، پھر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنی بنائی گئی تصاویر جماعت کو دکھائیں۔

**سُننا، بولنا اور پڑھنا۔حروف p ، q اور r سے شروع ہونے والی چیزوں کے گرد دائرہ بنانا ( صفحہ 77 )**

- طلبا کو ایک بڑے گروپ کی صورت میں جمع کرلیجیے اور انھیں بتایئے کہ اب وہ ایک کھیل کھیلیں گے۔صفحہ 77 سے انھیں اشیا کی تصاویر دکھایئے۔ طلبا سے کہیے کہ تصویر کا نام بتائیں اور اس کا ابتدائی حرف پکاریں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کیجیے۔
- اب ان سے کہیے کہ حروفp،q اور r سے شروع ہونے والے مزید الفاظ بتائیں۔
- طلبا کو چار چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دیجیے جس میں چھوٹی چھوٹی تصویریں اور ان سے متعلق حروف ہوں جیسا کہ اس صفحے پر دیا گیا ہے۔ ہر گروپ سے کہا جائے گا کہ ہر تصویر کا نام بتائیں اور اس کا متعلقہ ابتدائی حرف تلاش کریں۔ پہلے آپ جماعت کے سامنے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر طلبا کو گروپ کی شکل میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔طلبا کی معاونت اور حوصلہ افزائی کے لیے جماعت میں چکر لگاتے رہیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام پوری جماعت کو دکھائیں۔
- بعدازاں بچّے صفحہ 77 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔

**کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ پارک میں پائی جانے والی چیزیں ( صفحہ 78)**

- مندرجہ ذیل سوالات پوچھتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے:

  الف۔کیا آپ کبھی پارک گئے ہیں؟

  ب۔آپ کس کے ساتھ گئے تھے؟

  ج۔آپ کو وہاں کیا کرنا اچھا لگا تھا؟

  د۔آپ نے وہاں کیا کیا دیکھا؟
- پارک کی تصویر دکھایئے اور اسے زیر بحث لایئے۔طلبا سے کہیے کہ تصویر میں جو چیزیں انھیں نظر آرہی ہیں ان کے نام بتائیں۔
- اس کے بعد صفحہ 78 پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- آپ طلبا کو کچھ کاغذی شیٹیں دے کر ان پر پارک کی تصویر بنانے اور اس میں رنگ بھرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- اس کے بعد ان کی بنائی گئی تصاویر کی جماعت میں دکھائی جائیں۔

# Unit 8 s, t, u

**LESSONS 1, 2, AND 3**

**OBJECTIVES**

- Introduce and trace the letters s, t, and u
- Introduce vocabulary related to letters s, t, and u

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters s, t, and u.
- use vocabulary related to these letters.
- colour pictures.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash card letters s, t, u (Appendix D)
- Pictures of different objects

**METHOD**

**Listening and speaking – Introducing the letter ‘s’ (Page 79)**

- Using the flash card of the letter ‘s’ (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter ‘s’. Write the children’s responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter S to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.
- Read the words emphasizing on the beginning sound and ask the children to repeat after you.
- Then, ask children to think of other words that begin with the letter ‘s’. List these on the board. Ask children to draw and colour one thing beginning with the letter ‘s’.

**Classroom activity (Page 80)**

- Prepare flashcards of the pictures on pages 80 or collect pictures from old magazines.
- Divide children into groups of four or five. Provide each group with an envelope. Prior to the class, place a few pictures inside each envelope.
- Ask children to identify the pictures and say if they begin with the letter ‘s’.
- Next, ask them to refer to the activity on page 80 and circle the things that begin with the letter ‘s’.

# باب 8

# s, t, u

سبق 1، 2 اور 3

## مقاصد

- حروف s ، t اور u متعارف کرانا اور ٹریس کرنا
- حروف s ، t اور u سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرانا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف s ، t اور u کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ان حروف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- تصویروں میں رنگ بھرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف s ، t اور u کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)
- مختلف اشیا کی تصاویر

## طریقۂ کار

سُننا اور بولنا۔حرف s متعارف کرانا (صفحہ 79)

- حرف s کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف S سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتایئے کہ رکھے گئے سب نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے الفاظ پڑھیے اور طلبا کو اپنے ساتھ دہرانے کی ہدایت کیجیے۔
- پھر طلبا سے کہیے کہ حرف s سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کریں۔ بورڈ پر ان الفاظ کی فہرست بنایئے۔طلبا کو ہدایت کیجیے کہ حرف s سے شروع ہونے والی ایک چیز کی شکل بنائیں اور رنگ بھریں۔

کمرۂ جماعت کی سرگرمی (صفحہ 80)

- صفحہ 80 پر موجود تصاویر کے فلیش کارڈز بنایئے یا پھر پرانے جرائد سے تصویریں حاصل یا جمع کرلیجیے۔
- طلبا کو چار چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں تقسیم کیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دیجیے۔ جماعت شروع ہونے سے قبل ہر لفافے میں کچھ تصویریں رکھ دیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ تصویریں پہچانیں اور بتائیں کہ کیا یہ حرف s سے شروع ہوتی ہیں۔
- پھر ان سے کہیے کہ صفحہ 80 پر دی گئی سرگرمی پر آجائیں اور حرف s سے شروع ہونے والی چیزوں کے گرد دائرہ بنائیں۔

- You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class.

**Writing (Page 81)**

- Inform children that they will now practise writing the letter ‘s’.
- First, write the letter ‘s’ on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 67.
- Ask children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing activity.
- Next, ask them to colour the strawberries.

**Listening and speaking – Introducing the letter ‘t’ (Page 82)**

- Using the flash card of the letter ‘t’ (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter ‘t’. Write the children’s responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter T to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.
- Help the children to read the words given on this page and discuss them.

**Classroom activity (Page 83)**

- Help the children to name the pictures and read the labels. Ask them to colour these pictures.
- Ask them to name more things beginning with the letter ‘t’.

**Writing (Page 84)**

- Inform children that they will now practise writing the letter ‘t’.
- First, write the letter ‘t’ on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 82.
- Ask the children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Next, ask them to colour the trees on this page.

**Listening and speaking – Introducing the letter ‘u’ (Page 85)**

- Using the flash card of the letter ‘u’ (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter ‘u’.

- پہلے آپ جماعت کے سامنے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر طلبا کو گروپ کی شکل میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع مل جائے۔
- سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا سے کہیے کہ اپنا کام جماعت کو دکھائیں۔

لکھنا ( صفحہ 81 )

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف s لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف s، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 67 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے لکھنے کی سرگرمی مکمل کریں۔
- پھر انھیں اسٹرابیری (strawberries) میں رنگ بھرنے کی ہدایت کیجیے۔

سُننا اور بولنا۔ حرف t متعارف کرانا ( صفحہ 82 )

- حرف t کے فلیش کارڈز ( ضمیمہ D ) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف T سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتائیے کہ رکھے گئے سب نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔
- اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے اور پھر ان الفاظ کو زیرِ بحث لائیے۔

کمرۂ جماعت کی سرگرمی ( صفحہ 83 )

- تصویروں کے نام بیان کرنے اور پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ انھیں ان تصویروں میں رنگ بھرنے کی ہدایت کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ حرف t سے شروع ہونے والی مزید چیزوں کے نام بتائیں۔

لکھنا ( صفحہ 84 )

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف t لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف t، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 82 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر دیے گئے درختوں کی تصاویر میں رنگ بھریں گے۔

سُننا اور بولنا۔ حرف u متعارف کرانا ( صفحہ 85 )

- حرف u کے فلیش کارڈز ( ضمیمہ D ) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔

- Write the children's responses on the board or flip chart. Help them to name the pictures on this page.
- Invite children whose names begin with the letter U to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.

**Classroom activity (Page 86)**

- Talk to children about the picture on page 86 and ask them to read the letters they can see in the picture. Ask them to find and colour the parts with the letter 'u', and name the picture that they get.
- Ask them to colour the urns. To conclude the activity, randomly ask students to share their work with the whole class.

**Writing (Page 87)**

- Inform children that they will now practise writing the letter 'u'.
- First, write the letter 'u' on the board, showing the correct movements as shown on page 85.
- Ask the children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing and colouring activity on this page. You can discuss the uniform they wear to school.

**LESSON 4**

**OBJECTIVES**

- Teach vocabulary related to letters s, t, and u
- Teach opposites short and tall
- Teach the names of some common shapes

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recite poem with actions.
- use the terms short and tall correctly.
- name things and identify beginning sounds/letters.
- recognize and name some common shapes.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Pictures of different objects
- Shapes such as circle, square, triangle, oval, and rectangle
- Sheets of paper

- طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔ اس صفحے پر موجود تصاویر کے نام بیان کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- جن طلبا کے نام حرف U سے شروع ہوتے ہیں انھیں جماعت کے سامنے بلالیجیے۔ اس کے بعد انھیں بتائیے کہ رکھے گئے سب نام بڑے حرف سے اور دوسرے تمام نام چھوٹے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی ( صفحہ 86 )

- صفحہ 86 پر دی گئی تصویر پر طلبا کے ساتھ تبادلۂ خیال کیجیے اور پھر ان سے کہیے کہ تصویر میں دکھائی دینے والے حروف پڑھیں۔ انھیں ہدایت کیجیے کہ حرف u والے حصے تلاش کرکے ان میں رنگ بھریں اور پھر جو تصویر سامنے آئے اس کا نام بتائیں۔
- طلبا سے کہیے کہ گُل دانوں میں رنگ بھریں۔ سرگرمی کے اختتام پر مختلف طلبا کو اپنا کام تمام طلبا کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت کرتے جائیں۔

## لکھنا ( صفحہ 87 )

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف u لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف u، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 85 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ انگلیوں سے ہوا میں یہ حرف لکھتے ہوئے آپ کی نقل کریں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔ آپ طلبا کو ٹرے میں ریت ڈال کر دے سکتے ہیں اور انھیں اس میں یہ حرف لکھنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- بعدازاں بچّے اس صفحے پر دی گئی لکھنے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی مکمل کریں۔ آپ طلبا کے ساتھ ان کے یونیفارم (uniform) پر گفتگو کرسکتے ہیں جو وہ اسکول پہن کر آتے ہیں۔

## سبق 4

### مقاصد

- حروف s ، t اور u سے متعلق ذخیرۂ الفاظ پڑھانا
- متضاد الفاظ short اور tall پڑھانا
- کچھ عام اشکال کے نام پڑھانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- short اور tall کی اصطلاحات درستگی کے ساتھ استعمال کریں۔
- چیزوں کے نام بیان کرتے ہوئے ان کی ابتدائی آوازوں/ حروف کی پہچان کرسکیں۔
- کچھ عام اشکال کی شناخت کرتے ہوئے ان کے نام بیان کرسکیں۔

### درکار وسائل ( امدادی تدریسی اشیا )

- مختلف اشیا کی تصاویر
- اشکال جیسے دائرہ، چوکور، مثلث، بیضوی اور مستطیل
- کاغذی شیٹیں

**METHOD**

**Listening and speaking – Poem, *Sammy the snake* (Page 88)**

- Read the poem, *Sammy the snake* with actions and ask the children to repeat after you.
- Later, you can ask them to read the poem again and circle all the words beginning with the letter 's'.

**Classroom activity – Opposites, short and tall (Page 88)**

- Explain the opposites short and tall. Ask them to name things that are short or tall. For example, a tall vase or a short vase.
- Ask children to draw two things that are short and tall. First ask them to talk to their peers about it and then randomly ask children to share their work with the class.
- Display their work on the class board.
- As an additional activity ask students to sit in pairs. Give each pair 10 to 15 blocks. Ask them to build a tall tower and a short tower and then compare the sizes of the towers.

**Listening, speaking, and reading – (Page 89)**

- Tell the children that they are going to play a game. Show picture cards of the things given on page 89 and ask them to name the picture and the beginning letter. Write the responses on the board.
- Now, ask them to name other words that begin with the letters s, t, and u.
- Divide children into groups of 4 or 5. Provide each group with an envelope containing small pictures and corresponding letters as given on page 89. Each group will be asked to name each picture and find the beginning letter corresponding to it. You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity. Move around the class to facilitate and encourage children.
- Later, children can complete the activity on page 89.

**Classroom activity – Shapes (Page 90)**

- Show some shapes and ask the children to name them. Help them if they face difficulty in recognizing them. Then ask them to look at the shapes given on page 90. Ask children to look for these shapes in the classroom. For example, the soft board is a rectangle, a window can be a square or rectangle, etc. List the responses on the board.
- Give them sheets of paper and ask them to cut it into different shapes. Using the different shapes, children can stick them together to make something of their choice. For example, a house, a window, car etc.
- Display children's work in the classroom.
- Then ask them to draw and colour any two shapes.

## طریقۂ کار

### سننا اور بولنا۔ نظم Sammy the snake ( صفحہ 88 )

- نظم Sammy the snake اشاروں کے ساتھ پڑھیے اور طلبا کو ہدایت کیجیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- بعدازاں آپ ان سے کہہ سکتے ہیں کہ نظم دوبارہ پڑھیں اور حرف s سے شروع ہونے والے تمام الفاظ کے گرد دائرہ بناتے جائیں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ متضاد الفاظ short اور tall ( صفحہ 88)

- متضاد الفاظ short اور tall کی وضاحت کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ چھوٹی اور بڑی یا بلندقامت چیزوں کے نام بتائیں۔ مثال کے طور پر ایک اونچا گل دان اور ایک چھوٹا گل دان۔
- طلبا کو دو چھوٹی اور دو بلندقامت چیزوں کی اشکال بنانے کی ہدایت کیجیے۔ پہلے ان سے کہیے کہ ان پر اپنے ساتھیوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں۔ بعدازاں طلبا کو اپنی بنائی گئی اشکال جماعت کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- ان کا کام جماعت کے بورڈ پر نمایاں کیجیے۔
- اضافی سرگرمی کے لیے طلبا کو جوڑیوں میں بٹھادیجیے۔ ہر جوڑی کو 10 سے 15 بلاک دیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ ایک اونچا مینار یا ٹاور اور ایک چھوٹا مینار بنائیں اور پھر دونوں میناروں کی جسامت کا موازنہ کریں۔

### سُننا، بولنا اور پڑھنا ( صفحہ 89)

- طلبا کو بتایئے کہ اب وہ ایک کھیل کھیلیں گے۔ صفحہ 89 پر دی گئی اشیا کے تصویری کارڈ دکھایئے اور طلبا سے کہیے کہ وہ تصویر کا نام اور ابتدائی حرف بتائیں۔ جوابات بورڈ پر درج کیجیے۔
- اب ان سے کہیے کہ حروف t،s اور u سے شروع ہونے والے مزید الفاظ بتائیں۔
- طلبا کو چار چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دیجیے جس میں چھوٹی چھوٹی تصویریں اور ان سے متعلق حروف ہوں جیسا کہ صفحہ 89 پر دیا گیا ہے۔ ہر گروپ سے کہا جائے گا کہ ہر تصویر کا نام بتائے اور اس کا متعلقہ ابتدائی حرف تلاش کرے۔ پہلے آپ جماعت کے سامنے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر طلبا کو گروپ کی شکل میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنایئے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ طلبا کی معاونت اور حوصلہ افزائی کے لیے جماعت میں چکر لگاتے رہیے۔
- بعدازاں بچّے صفحہ 89 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ اشکال ( صفحہ 90 )

- کچھ اشکال دکھایئے اور طلبا سے کہیے کہ ان کے نام بتائیں۔ اگر انھیں اشکال کی شناخت میں مشکل پیش آئے تو ان کی مدد کیجیے۔ پھر ان سے کہیے کہ صفحہ 90 پر موجود اشکال پر غور کریں۔ طلبا کو ہدایت کیجیے کہ کمرے میں یہ اشکال تلاش کریں۔ مثال کے طور پر، سوفٹ بورڈ ایک مستطیل ہے، کھڑکی چوکور یا مستطیل ہوسکتی ہے وغیرہ۔ جوابات بورڈ پر درج کیجیے۔
- طلبا کو کاغذی شیٹیں دے کر کہیے کہ انھیں مختلف اشکال میں کاٹیں۔ مختلف اشکال کو بچّے ایک دوسرے کے ساتھ چپکا کر اپنی پسند کی کسی چیز کی شکل بناسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، مکان، کھڑکی، گاڑی وغیرہ۔
- طلبا کی بنائی گئی اشکال کی جماعت میں نمائش کیجیے۔
- اب ان سے کہیے کہ کوئی سی دو اشکال بنا کر رنگ بھریں۔

# Unit 9 v, w, x

**LESSONS 1, 2, AND 3**

**OBJECTIVES**

- Introduce and trace the letters v, w, and x
- Introduce vocabulary related to letter v, w, and x
- Teach names of vegetables
- Teach a poem

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children will be able to:

- recognize, read, and write the letters v, w, and x.
- use vocabulary related to these letters.
- colour pictures.
- recognize and name some vegetables.
- talk about self and family members.
- recite poem with actions.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash card letters v, w, and x (Appendix D)
- Plastic vegetables or picture cards of vegetables
- Pictures of different vehicles
- Vegetables (optional activity)
- Sheets of paper

**METHOD**

**Listening and speaking – Introducing the letter 'v' (Page 91)**

- Using the flash card of the letter 'v' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'v'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- Read the words emphasizing on the beginning sound and ask the children to repeat after you.
- Then, ask children to think of other words that begin with the letter 'v'. List these on the board. Ask children to draw and colour one thing beginning with the letter 'v'.


OXFORD UNIVERSITY PRESS

# باب 9

# v, w, x

سبق 1، 2 اور 3

## مقاصد

- حروف w،v اور x متعارف کرانا اور ٹریس کرنا
- حروف w،v اور x سے متعلق ذخیرۂ الفاظ متعارف کرانا
- سبزیوں کے نام پڑھانا
- نظم پڑھانا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف v، w اور x کی پہچان کرسکیں، پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ان حروف سے متعلق ذخیرۂ الفاظ استعمال کرسکیں۔
- تصویروں میں رنگ بھر سکیں۔
- کچھ سبزیوں کو پہچانتے ہوئے ان کے نام بیان کرسکیں۔
- اپنے اور اہل خانہ کے متعلق اظہار خیال کرسکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروف w،v اور x کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D)
- پلاسٹک سے بنی سبزیاں یا سبزیوں کے تصویری کارڈز
- مختلف گاڑیوں کی تصاویر
- سبزیاں (اختیاری سرگرمی)
- کاغذی شیٹیں

## طریقۂ کار

سُننا اور بولنا۔حرف v متعارف کرانا (صفحہ 91)

- حرف v کے فلیش کارڈز (ضمیمہ D) کا استعمال کرتے ہوئے، طلبا سے کہیے کہ اس حرف سے شروع ہونے والی کچھ چیزوں کے نام بتائیں۔ طلبا کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کیجیے۔
- ابتدائی آواز پر زور دیتے ہوئے الفاظ پڑھیے اور طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔
- پھر طلبا سے کہیے کہ حرف v سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ پر غور کیجیے۔ یہ الفاظ بورڈ پر درج کیجیے۔ پھر ان سے کہیے کہ حرف v سے شروع ہونے والی ایک چیز کی شکل بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔

**Classroom activity – Vegetables (Page 92)**

- Ask the children to sit in a circle. Pass around a basket containing plastic vegetables or picture cards of vegetables that are shown on page 92. Ask each child to pick up one vegetable, name the vegetable, and its colour. The teacher can assist if needed.
- Then pick up each vegetable, name it, and give some more information about it. For example, its colour, it grows above/below the soil, the season it is grown in, etc.
- You can ask the children to repeat the names after you.
- Now, help the children to read the words on page 92 and then ask them to draw and colour one vegetable of their choice. Randomly, a few children can be asked to share their work with the whole class.
- You can cut a few vegetables and make some salad to share with the children.

**Writing (Page 93)**

- Inform children that they will now practise writing the letter 'v'.
- First, write the letter 'v' on the board, showing the correct movements step by step, as shown on page 91.
- Ask children to follow you by tracing the letter in the air with their fingers. Repeat three or four times. You can provide them with some sand in a tray and ask them to trace the letter in it.
- Later, children complete the writing activity.
- Next, ask them to name and colour the pictures.

**Listening and speaking – Introducing the letter 'w' (Page 94)**

- Using the flash card of the letter 'w' (Appendix D), ask children to name a few things they know that begin with the letter 'w'. Write the children's responses on the board or flip chart.
- Invite children whose names begin with the letter W to come to the front of the class. Next, tell them that all given names begin with a capital letter and the other items begin with a small letter.
- Help the children to read the words given on this page and discuss them.

**Reading (Page 95)**

- Talk to the children about the pictures on this page. Then help them to read the words.
- Ask them to name more things beginning with the letter 'w', e.g. wall, water, wallet, window, woman, web, wagon, etc.
- Later, ask children to colour the pictures.

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔ سبزیاں ( صفحہ 92 )

- طلبا کو ایک دائرے میں بیٹھنے کی ہدایت کیجیے۔ پلاسٹک سے بنی سبزیوں یا صفحہ 92 پر دکھائی گئی سبزیوں کے تصویری کارڈز سے بھری ایک ٹوکری باری باری ہر بچّے کے پاس لے جائی جائے گی۔ ہر بچّے سے کہیے کہ ایک سبزی اٹھائے اور اس کا نام اور رنگ بتائے۔ بہ وقت ضرورت استاد ان کی مدد کرسکتے ہیں۔
- اب باری باری ہر سبزی اٹھائیے، اس کا نام اور اس کے بارے میں کچھ مزید معلومات بیان کیجیے۔ مثال کے طور پر اس کا رنگ، یہ زمین کے اوپر/ نیچے اُگتی ہے، کس موسم میں اگائی جاتی ہے وغیرہ۔
- آپ طلبا کو سبزیوں کے نام اپنے ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔
- اب صفحہ 92 پر موجود الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے، اور پھر ان سے کہیے کہ اپنی پسند کی ایک سبزی کی شکل بنا کر رنگ بھریں۔ کچھ طلبا سے اپنی بنائی گئی اشکال پوری جماعت کو دکھانے کے لیے کہا جاسکتا ہے۔
- آپ کچھ سبزیوں کی سلاد بنا کر طلبا کے ساتھ مل کر کھاسکتے ہیں۔

### لکھنا ( صفحہ 93 )

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حرف v لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حرف v، اس حرف کو لکھنے کا درست طریقہ مرحلہ وار ظاہر کرتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ صفحہ 91 پر دکھایا گیا ہے۔
